07-12-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔کل سے دو دنوں تک حیدرآباد کے فیوچر سٹی میں منعقدہ گلوبل سمٹ میں 44 مما لک کے 154 بیرونی مندوبین اور 3 ہزار سے زائد سی ای اوز شریک ہوں گے۔

۲۔ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکا نے کہا ہے کہ بے لوث عوامی خدمات انجام دینے والے امیدواروں کو سرپنچ اور وارڈ ممبرس کے طور پر گرام پنچایت کیلئے منتخب کرنے پر زور دیا۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ کانگریس کے دو سالہ دور اقتدار میں وعدوں پر عمل آوری نہیں کی گئی اور دھوکہ دہی پر مبنی حکمرانی جاری۔

اور

۴۔متنازعہ،عدالت میں زیر التوا مقدمات کی یکسوئی کیلئے 21 دسمبر کو ریاست بھر میں لوک عدالتیں منعقد کی جارہی ہیں۔ہائی کورٹ لیگل سرویس اتھاریٹی کا بیان۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ بی آر ایس کے دس سالہ دور اقتدار میں تلنگانہ قرض کے دلدل میں ڈوب گیا جبکہ کانگریس کے دو سالہ دور میں عوام موثر حکمرانی سے محروم ہیں۔حیدرآباد کے اندرا پارک کے پاس دھرنا چوک پر بی جے پی زیر قیادت آج مہا دھرنا منظّم کیا گیا۔اِس موقع پر کانگریس حکومت کی جانب سے کئے گئے وعدوں پر مشتمل چارج شیٹ جاری کی گئی۔

Sound  Byte.

Lok Adalat

ہائی کورٹ لیگل سروسس اتھاریٹی کے مطابق تنازعات، عدالت میں زیر دوران مقدمات کی عاجلانہ یکسوئی کیلئے 21 دسمبر کو ریاست بھر میں لوک عدالتوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ عہدیداروں کے مطابق سیول، چک باؤنس اور ازدواجی رشتوں سے متعلق تنازعات کے علاوہ دیگر مقامات کی لوک عدالتوں کے ذریعہ یکسوئی کی جاسکتی ہے۔

Revanth Reddy

چیف منسٹر کی حیثیت سے ریونت ریڈی کی جانب سے حلف برداری کو آج دو سال مکمل ہوگئے۔ 7 دسمبر 2023ء کو انہوں نے بحیثیت چیف منسٹر حلف لیا تھا۔ سال 2006ء میں زیڈ پی ٹی سی رکن کے طور پر کامیابی حاصل کرتے ہوئے انہوں نے اپنے سیاسی سفر کا آغاز کیا۔ وہ رکن قانون ساز کونسل، رکن اسمبلی اور ایم پی کے طور پر منتخب ہوئے۔ سال 2021ء میں انہیں پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر کی ذمہ داری گئی۔ انہوں نے اسمبلی انتخابات میں کانگریس پارٹی کو کامیابی سے ہمکنار کروایا۔ سال 2023ء میں 119 اسمبلی حلقوں میں سے کانگریس نے 64 نشستوں پر کامیابی حاصل کرتے ہوئے ریاست میں اقتدار حاصل کیا۔

Global Summit

ریاستی حکومت کی جانب سے اس مہینہ کی 8 اور 9 تاریخ کو حیدرآباد کے فیوچر سٹی میں منعقد شدنی گلوبل سمٹ کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ میرخان پیٹ میں 100 ایکر اراضی پر یہ سمٹ منعقد ہوئی۔ ریاستی حکومت کی جانب سے سال 2047ء تک ریاست کو تین ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے اور اس سمٹ میں اس سے متعلق دستاویز جاری کئے جائیں گے۔ مختلف موضوعات پر 27 سیشنس میں مذاکرات ہوں گے۔ ریاستی حکومت کی جانب سے 2047ء ویژن ڈاکومنٹ کو

قطعیت دی جارہی ہے۔ایک لاکھ کروڑ کی سرمایہ کاری کوراغب کرنے کے مقصد سے یہ اجلاس منعقد کیا جارہاہے۔اس سمٹ میں 44 ممالک کے 154 بیرونی مدوبین شرکت کریں گے۔کل دوپہر ڈیڑھ بجے گورنرجشنو دیوورماگلوبل سمٹ کاآغازکریں گے۔

Harish Rao

سابق ریاستی وزیرو بی آرایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دینے سے متعلق درخواست پراسپیکراسمبلی سے فوری فیصلہ کرنے کا مطالبہ کیا۔اس سلسلہ میں انہوں نے اسپیکراسمبلی کوکھلا مکتوب روانہ کیا۔ساتھ ہی انہوں نے جوارکے کسانوں کے 450 کروڑ کے بقایاجات جاری کرنے کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ یاسنگی کی کاشت کیلئے کسان اقل ترین قیمت سے بھی کم قیمت پراپنی فصل فروخت کرنے پرمجبور ہیں۔انہوں نے اس سلسلہ میں حکومت سے انصاف کامطالبہ کیا۔

Seethakka

ریاستی وزیرپنچایت راج سیتااکانے کہاہے کہ بےلوث عوامی خدمات انجام دینے والےامیدوارسرپنچ اور وارڈممبرس کے طور پرگرام پنچایت کیلئے منتخب ہوتے ہیں تو وہ مواضعات کی ترقی کیلئے اقدامات کرتے ہیں۔انہوں نے آج ضلع ملگ کے ایٹورونا گارم میں بعض وارڈ میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ انہوں نے ریاست میں ان کی حکومت کی جانب سے انجام دئے جانے والے ترقیاتی کاموں کودیکھ کر کانگریس کومضبوط بنانے اورسرپنچ امیدواروں کوکامیابی سے ہمکنارکرنے کی خواہش کی۔اس موقع پر ریاستی وزیرنے آکاش وانی سے بات چیت کی۔

Sound Byte.

ITI Sircilla

گورنمنٹ آئی ٹی آئی کالج پرنسپل ایس کویتا نے کہا ہے کہ مہارت اور تکنیکی تربیت کے ذریعہ نوجوانوں کو روزگار کے سنہری مواقع حاصل ہونے کے امکانات ہیں۔انہوں نے ضلع راجنا سرسلہ تنگڑلا پلی منڈل کے منڈے پلی میں گورنمنٹ آئی ٹی آئی کالج میں کل نیشنل اپرنٹس شپ میلا منعقد کرنے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر پرنسپل کویتا نے آکاش وانی سے بات چیت کی۔

Sound Byte.

Asifabad Election

ضلع ایس پی نیتیکا پنت نے کہا ہے کہ ضلع آصف آباد میں آزادانہ وشفاف پنچایت انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام تر انتظامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی قائدین کی جانب سے انتخابی ضابطہ اخلاق پرعمل آوری کو یقینی بنانے اوراس معاملہ میں عوام میں شعور بیداری کے مقصد سے فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ضلع کے کاغذنگر میں پولیس فورس کے ساتھ منعقدہ فلیگ مارچ میں اے ایس پی چیت رنجن نے بھی شرکت کی۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ کل سے دودنوں تک منعقدشدنی گلوبل سمٹ تلنگانہ کی سمت بدل دے گا۔ انہوں نے کہا اس یقین کا اظہار کیا کہ فیوچر سٹی دنیا کے ٹاپ شہروں کی سطح پر پہنچ جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کی مستقبل کی حکمتِ عملی کے مطابق اس کانفرنس کے ذریعہ سرمایہ کاری ہوگی۔

HILT Lands

بی جے ایل پی قائد مہیشور ریڈی نے ریاستی حکومت سے ریاست گیر سطح پر کس زون میں کتنی ہیلٹ اراضیات ہیں، اس پر وضاحت دینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں مرکزی محکمہ ماحولیات سے شکایت کی جائے گی۔ 9300 ایکڑ ہیلٹ اراضیات کے معاملہ میں ریاستی حکومت نے جی او جاری کیا ہے۔ جس پر سابق ریاستی وزیر جگدیش ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ نان پولیوشن اداروں کو بھی منتقل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس جی او کے ذریعہ رئیل اسٹیٹ تاجروں کو فائدہ پہنچنے کے امکانات ہیں۔

Satpati Sanchika

مہاراشٹرا کے سابق گورنر سی ایچ ودیا ساگر راؤ نے کہا ہے کہ مسلسل ادبی خدمات انجام دیتے ہوئے داسیم سینا دھی پتی نے ایک خاص مقام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں واقع تلگو یونیورسٹی آڈیٹوریم میں اودیا ساہتی ادارہ کے زیر اہتمام داسیم سینا دھی پتی، سنچیکا اکشرا دپسم کی تقریب رونمائی میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ 300 سے زائد شعرأ، ادیبوں، رشتہ داروں اور دوستوں نے اس کتاب میں سینا دی پتی کی شخصیت، زندگی اور ادب کو مختلف زاویوں سے اجاگر کیا ہے۔

Global Summit Lighting

تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کیلئے ملک اور بیرونی مما لک سے مندوبین کی آمد کے پیش نظر جی ایچ ایم سی کی جانب سے شہر کے مختلف عمارتوں کو برقی قمقموں سے منور کیا گیا ہے۔ سکریٹریٹ اسمبلی، اہم سرکاری دفاتروں، تاریخی چارمینار، کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن پر خصوصی لائیٹنگ پروجیکشن کا انتظام کیا گیا ہے۔ مختلف مقامات پر تری ڈی پروجیکشن میپنگ کے ذریعہ ریاست کی ترقی اور فلاحی پروگرام سے متعلق ویڈیوز دکھائے جارہے ہیں۔

○○